## ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کے قتل کے مترادف ہے لیکن انسانیت کے دشمن اپنے ہی مسلمان بھائیوں کو نماز پڑھتے وقت بھی خودکش دھماکہ کا نشانہ بنارہے ہیں جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، الطاف حسین

## صوبہ سرحد کے علاقے دیر بالا میں مسجد میں خودکش دھماکہ میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے

لندن۔۔5جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے علاقے دیر بالا میں نماز جمعہ کے وقت مسجد میں خودکش دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کے قتل کے مترادف ہے لیکن انسانیت کے دشمن اپنے ہی مسلمان بھائیوں کو نماز پڑھتے وقت بھی خودکش دھماکہ کا نشانہ بنارہے ہیں اورانہیں قتل کررہے ہیں جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے ۔انہوں نے کہا کہ جولوگ انسانی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں اور بے گناہ انسانوں کا خون بہارہے ہیں وہ مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے مستحق نہیں ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ اس واقعہ کا فی الفورنوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین) انہوں نے زخمیوں کیلئے جلد ومکمل صحتیابی کیلئے بھی دعا کی ہے۔

## چوبیس گھنٹے کے دوران ایم کیوایم کے ایک اور معصوم و بے گناہ کارکن خان شیر خان کی مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔5/جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے چوبیس گھنٹے دوران ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نارتھ کراچی ٹاؤن یوسی 11 کے کارکن خان شیر خان کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ابھی ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان جمعرات کے روز مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان محمد خالد انصاری شہید اور محمد ارشد شہید کے صدمے سے ہی دوچار تھے کہ اسی دوران خان شیر خان شہید کو بھی مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے بیدردی سے شہید کر دیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ خاندانوں کی امداد وبحالی کے کاموں میں بھرپور طریقے سے سرگرم ہے اورایسے میں ایم کیوایم کے کارکنوں کی پے درپے ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کسی بڑی سازش کا حصہ ہے اورشہر کا امن وامان تباہ کرنے کے مترادف ہے۔ رابطہ کمیٹی نے خان شیر خان شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبرجمیل عطا کرے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ چوبیس گھنٹے کے دوران ایم کیوایم کے ایک اور کارکن خان شیر خان کی مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس سفاکانہ وارداتوں میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرارواقعی سزادی جائے۔

## چوبیس گھنٹوں کے دوران متحدہ قومی موومنٹ کے ایک اور کارکن خان شیر خان کو مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا

کراچی۔۔۔5،جون2009ء

نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے چوبیس گھنٹوں کے دوران متحدہ قومی موومنٹ کے پختون کارکن خان شیر خان کو فائرنگ کر کے شہید کر دیا (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔تفصیلات کے مطابق خان شیر خان شہید گنا منڈی میں گنے لینے کیلئے گئے تھے اورگنوں سے اپنی گاڑی بھروارہے تھے کہ اسی دوران موٹرسائیکل پرسوار نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے باعث وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔شہید کی عمر 40 سال تھی اوران کے سوگواران میں بیوہ سمیت 10 بچے شامل ہیں۔شہید کا تعلق متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نارتھ کراچی ٹاؤن یوسی یونٹ 11 سے تھا۔خان شیر خان شہید کی نماز جنازہ رحمانیہ مسجد نارتھ کراچی سیکٹر 4 میں ادا کی گئی جس میں مقامی حق پرست

اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظم، نائب ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین،، کونسلر، ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین، نارتھ کراچی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی بعدازاں شہید کی میت کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان تدفین کیلئے ان کے آبائی گاؤں مہندا ایجنسی روانہ کردیا گیا۔

## ایم کیوایم نارتھ کراچی ٹاؤن یوسی 11 کے کارکن خان شیر خان کی شہادت اور شعبہ خواتین کی کارکن محترمہ فرحت جہاں کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔5، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نارتھ کراچی ٹاؤن یوسی 11 کے کارکن خان شیر خان کی شہادت اور ایم کیوایم شعبہ خواتین برنس روڈ سیکٹر یونٹ 22 کی کارکن محترمہ فرحت جہاں کے انتقال پر گہرے اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے خان شیر خان شہید اور محترمہ فرحت جہاں مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے تین کارکنان خان شیر خان، محمد خالد انصاری اور محمد ارشد شہید کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔5/جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے تین مختلف واقعات میں ایم کیوایم کے تین کارکنوں خان شیر خان، محمد خالد انصاری اور محمد ارشد کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کو شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر کو شہر کا امن ایک آنکھ نہیں بھا رہا اور وہ پوری منصوبہ بندی سے شہر تباہ کرنے کیلئے سرگرم عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ مسلح دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم کے معصوم و نہتے کارکنان محمد خالد انصاری اور محمد ارشد کی ٹارگٹ کلنگ میں شہادت کے واقعات اس سلسلے کی کڑی ہیں جس کا مقصد شہر کو آگ اور خون میں نہلا کر شہر کا امن تباہ کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن محمد خالد انصاری ملیر میں یوسی 5 کے آفس کے سامنے بیکری پر کھڑے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں ان پر اندھادھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک گولی خالد انصاری کے سر میں جا لگی جو جان لیوا ثابت ہوئی جبکہ اسی طرح گلشن معمار اسکیم 33 سیکٹر ایوب گوٹھ یونٹ کے کارکن محمد ارشد اپنی خالہ سے ملنے فیصل گوٹھ گئے تھے کہ مسلح موٹر سائیکل سوار دہشت گردوں نے انہیں فائرنگ کرکے شہید کردیا۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے قائمقام گورنر سندھ نثار کھوڑو، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ٹارگٹ کلنگ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے۔

## جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کو متحرک کرکے شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کی جارہی ہے، ارکان سندھ اسمبلی خالد انصاری اور محمد ارشد کے بہیمانہ قتل میں ملوث جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے

کراچی۔۔5جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے کراچی میں دہشت گردی کے واقعات میں ایم کیوایم کے کارکنان خالد انصاری اور محمد ارشد کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے ایک مرتبہ پھر جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کو متحرک کیا جارہا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ

ایم کیوایم کی کاوشوں کے باعث سندھ بالخصوص کراچی میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہورہی ہے،شہر میں ترقیاتی منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچ رہے ہیں اورعوام کے بنیادی مسائل حل کئے جارہے ہیں لیکن شہر میں امن وامان کی یہ صورتحال کراچی دشمن عناصر کوایک آنکھ نہیں بھارہی ہے اوروہ شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ پھر کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کو متحرک کیا جارہا ہے اور نام نہاد مذہبی جماعت ، جماعت اسلامی کی جانب سے جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی سرپرستی کی جارہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ گزشتہ روز کراچی میں ایم کیوایم کے دوکارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کراچی کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا حصہ ہے اور جوعناصر اس سازش میں ملوث ہیں وہ کراچی اوراس کےعوام کے کھلے دشمن ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر پاکستان آصف علی زرداری ، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی ، وزیرداخلہ رحمٰن ملک ، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ جماعت اسلامی کی سرپرستی میں جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی قتل وغارتگری اور شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے ، ایم کیوایم کے کارکنان خالد انصاری اور محمد ارشد کے بہیمانہ قتل میں ملوث جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں اوران کے سرپرستوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور قاتلوں کوگرفتار کر کے سخت سزادی جائے۔

## جامعہ ملیہ یونٹ سیکٹر ڈی کے یونٹ انچارج اطہر صدیقی کے انتقال پر اے پی ایم ایس او کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5، جون 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیرمین واراکین مرکزی کابینہ نے جامعہ ملیہ یونٹ سیکٹر ڈی کے یونٹ انچارج اطہر صدیقی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم امدادی کمیٹی کے انچارج ابوبکر صدیقی کے صاحبزادے محمد اطہر صدیقی کو سپرد خاک کردیا

## نماز جنازہ وتدفین میں رابطہ کمیٹی کے ارکان صوبائی وزیر،ارکان سندھ اسمبلی ودیگر کی شرکت،سوئم اتوار کو مرحوم کی رہائشگاہ پر ہوگا

کراچی۔۔۔5، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اورایم کیوایم امدادی کمیٹی کے انچارج ابوبکر صدیقی کے صاحبزادے محمد اطہر صدیقی کو آج بعد نماز جمعہ ایئرپورٹ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔نماز جنازہ وتدفین میں ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ارکان انیس قائم خانی، ڈاکٹر نصرت حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل (خالدعمر) ورکن سندھ اسمبلی نشاط ضیاء حق پرست ٹاؤن ناظمین ،سیکٹر کمیٹی کے ارکان ، ایلڈرزونگ کے اراکین ، یونٹوں کے ذمہ داران ، کارکنان ، ہمدردوں اور مرحومہ کےعزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔علاوہ ازیں محمد اطہر صدیقی مرحوم کا سوئم اتوار کے روزظہر تاعصر مرحوم کی رہائشگاہ پرمنعقد ہوگا۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اطہر صدیقی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے والدابوبکر صدیقی سمیت تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکن محترمہ فرحت جہاں ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کرگئیں،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

## مرحومہ کو پاپوش نگر کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،سوئم ہفتہ کو بعد نماز ظہر مقدس مسجد نزد اردو بازار میں ہوگا

کراچی۔۔۔5، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین برنس روڈ سیکٹر یونٹ 22 کی کارکن محترمہ فرحت جہاں ہارٹ اٹیک کے انتقال کرگئیں۔مرحومہ کی عمر 48 سال تھی اوران کے سوگواران میں ایک بیٹا اور ایک بیٹی شامل ہیں۔مرحومہ کو پاپوش نگر کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست اراکین اسمبلی ، برنس روڈ سیکٹر کمیٹی کے ارکان ، ایلڈرزونگ کے اراکین ، یونٹوں کے ذمہ داران ، کارکنان ، ہمدردوں اور مرحومہ کےعزیزواقارب نے شرکت کی۔محترمہ فرحت جہاں مرحومہ کا سوئم 6 جون ہفتہ کو بعد نماز ظہر

مقدس مسجد نزد دار دو بازار میں ہوگا جبکہ خواتین کے لئے سوئم کا انتظام مرحومہ کی رہائشگاہ پر کیا جائے گا۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محترمہ فرحت جہاں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیو ایم کے شہید کارکنان محمد خالد انصاری اور محمد ارشد شہید کا فاتحہ سوئم
## فاتحہ سوئم میں صوبائی وزراء ارکان اسمبلی ٹاؤن ناظمین و دیگر کی شرکت

کراچی ۔۔۔5/جون 2009ء

مسلح دہشتگردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن محمد خالد انصاری ولد عبدالرحیم کا فاتحہ سوئم بعد نماز جمعہ مسجد بلال F ساؤتھ ملیر، UC-5 ملیر ٹاؤن میں اور خواتین کیلئے مرحوم کی رہائشگاہ پر منعقد کیا گیا اور ایم کیو ایم گلشن معمار سیکٹر اسکیم 33 کے شہید کارکن محمد ارشد ولد محمد اشفاق کا فاتحہ سوئم آج بعد نماز جمعہ شہید کے رہائشگاہ کے واقع ایوب گوٹھ پر منعقد ہوا جس میں شہداء کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ کی گئی۔ فاتحہ سوئم میں صوبائی وزیر شیخ محمد افضل ( خالد عمر )، وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ٹاؤن ناظمین، ایم کیو ایم کراچی تنظی کمیٹی کے اراکین، ایلڈرز ونگ، لیبر ڈویژن، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر، ایم کیو ایم گلشن معمار سیکٹر سیکٹر کمیٹی ذمہ داران و کارکنان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء کی مغفرت، ان کے بلند درجات کیلئے دعا کرتے ہوئے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

☆☆☆☆☆